# APPENDIX I:
# Sample Parent Notification Letters

**Letter B: Sample letter notifying parents about HIV/AIDS and sexual health education; for middle and high school grades only.**

عزیزی والدین یا سرپرست:

آپکے بچے کی صحت ہمارے لیے اہم ہے۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں ہم طبی تعلیم فراہم کرتے ہیں جس میں عمر کی مناسبت سے اہل خانہ کی صحت، جنسیت اور HIV/AIDS کے ساتھ ساتھ دیگر اہم طبی موضوعات شامل ہیں۔ مئیر de Blasio کے نئے ہیلتھ ایڈ ورکس آغازکار میں متعدد سالوں کی سرمایہ کاری DOE کی طلبا کی صحت کے لیے پُرعظمی کو ہمارے تمام اسکولوں میں صحت کی تعلیم میں مدد کو بڑھا کر مستحکم کرے گی۔

اعداد وشمار دکھاتے ہیں کہ ایسے طلبا ہیں جو 13 سال کی عمر سے قبل مباشرت کررہے ہیں؛ طلبا جن کے متعدد جنسی پارٹنرز ہیں؛ اور طلبا جو اپنے آپ کو جنسی طور پر منتقل کردہ انفیکشنز (STIs) اور HIV/AIDS سے نہیں بچاتے ہیں۔ ہمیں اپنے بچوں کو جنسیت اور خطرناک طرزِ عمل میں مشغول ہونے کے ممکنہ خطرات کے بارے میں آگاہ کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرنا ہے۔ ہمیں اپنے طلبا کو درست طبی معلومات اور ابلاغی صلاحیتیں فراہم کرنا لازمی ہے تاکہ انہیں صحتمندانہ فیصلے کرنے میں مدد ملے جو انہیں صحتمند اور محفوظ رکھیں۔ اس سلسلے میں، مطلوبہ ایک سمسٹر، جامع صحت سے متعلقہ تعلیمی کورس میں مڈل اور ہائی اسکول دونوں میں عمر کے متناسب جنسی صحت تعلیم، اور ساتھ ہی HIV/AIDS اسباق شامل ہونے لازمی ہیں جو ہر سال K-12 طلبا کے لیے مطلوب ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے طلبا اور انکے خاندانوں کے مختلف عقائد، ثقافتیں اور رواج ہیں۔ بطور ایک والدین / سرپرست کے، آپکو حق حاصل ہے کہ آپ اپنے بچے کو جنسی صحت اور HIV/AIDS کے کچھ اسباق سے باہر نکلوالیں جو ضبط تولید اور HIV/جنسی طور پر منتقل کردہ انفیکشنز سے بچاؤ کے طریقوں کے بارے میں ہیں۔ تاہم، آپ اپنے بچے کومباشرت سے اجتناب یا دیگر جنسی صحت کی تعلیم کی کلاسوں سے نہیں ہٹا سکتے۔ اگر آپ کے اس بارے میں کوئی سوالات ہیں کہ آپ اپنے بچے کو کن اسباق سے باہر رکھ سکتے ہیں، برائے مہربانی اپنے بچے کے استاد، ہمارے والدین رابطہ دہندہ، یا مجھ سے رابطہ کریں۔ آپ مکمل NYCDOE HIV/AIDS Curriculum آن لائن https://www.weteachnyc.org/resources/resource/hivaids-curriculum-2012-edition/. پر دیکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ضبط تولید اور HIV/STI سے بچاؤ کے اسباق سے استثنٰی کردیا جائے، آپ کے لیے مجھے ایک خط لکھنا لازمی ہے جس میں بیان کیا جائے کہ:

- آپ کے بچے کو ضبط تولید اور HIV/STI سے بچاؤ کے طریقوں کے اسباق کے دوران کلاس روم میں نہیں ہونا چاہیئے؛ اور
- آپ اپنے بچے کو بچاؤ کے بارے میں گھر پر تدریس فراہم کریں گے۔

جیسا کہ تمام شعبوں میں ہے، والدین اور سرپرست بچے کے اولین اور با اثر ترین اساتذہ ہوتے ہیں۔ والدین، سرپرست اور اساتذہ ایک مشترکہ ہدف رکھتے ہیں: ہم چاہتے ہیں کہ ہر عمر کے طلبا اپنی زندگیوں کے ہر پہلو میں صحتمند رہیں۔ جب طلبا سے جنسی عمل کے بارے میں بات کرنے کا سوال آتا ہے، ہمارا مشترکہ ہدف اسکول عمر کے نوجوانوں میں جنسی سرگرمیوں میں تاخیر کرنا ہے۔ ہم آپکی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے سے پوچھیں کہ وہ صحت کی تعلیم کی کلاس میں کیا سیکھ رہا / رہی ہے اور یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ جانتا ہے کہ آپ کے خیال میں ایک صحتمند زندگی گزارنے کے بہترین طریقے کیا ہیں۔ آپ اپنے بچے کے ساتھ جنسی صحت کے بارے میں جو گفت و شنید کریں گے وہ انہیں صحت کی کلاس میں ملنے والی معلومات کو آپکی خاندانی اقدار کے تناظر میں پیش کرے گی۔ ایک بار پھر، اگر آپ کے صحت کی تعلیم کے بارے میں کوئی سوالات ہوں یا ہمارے اسکول کے صحت کی تعلیم کے نصاب کا جائزہ لینا چاہتے ہیں، براہِ کرم اپنے بچے کے استاد یا مجھ سے رابطہ کریں۔

مخلص،

پرنسپل